Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعۃ المبارک، 14 اپریل 2023ء، 23 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 08

تحصیل، ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر ایک ماہ تک کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، والی بال، اتھلیٹکس اور کبڈی کے مقابلے ہونگے

محسن نقوی کی ہدایت پر سکول، کالج، یونیورسٹیز اور کلب لیول پر کھیلوں کے مقابلے کرانے کی منظوری

پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی سائٹ پر کھلاڑیوں اور کلب کی رجسٹریشن کی جائیگی، نگران وزیراعلیٰ نے پلان طلب کر لیا

دیہات اور دور دراز علاقوں میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لایا جائے گا، جیتنے والی ٹیموں کو انعامات سے نوازا جائے گا: نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر پنجاب میں سکول، کالجز، یونیورسٹیز اور کلب لیول پر کھیلوں کے مقابلے کرانے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ صوبہ بھر میں تحصیل، ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے اور ایک ماہ تک جاری رہنے والے سپورٹس ایونٹس میں کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، والی بال، اتھلیٹکس اور کبڈی کے مقابلے ہوں گے۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی سائٹ پر کھلاڑیوں اور کلب کی آن لائن رجسٹریشن کی جائے گی۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اس ضمن میں سپورٹس ڈپارٹمنٹ سے جامع پلان طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیل کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ دیہات اور دور دراز علاقوں میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لایا جائے گا اور جیتنے والی ٹیموں کو انعامات سے نوازا جائے گا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر، صوبائی مشیر کھیل وہاب ریاض، سیکرٹری سپورٹس، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری اطلاعات، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈی جی سپورٹس بورڈ، چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، ڈپٹی کمشنر لاہور، ڈی جی پی ایچ اے اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

صوبائی اسمبلیوں کے بعد عام انتخابات پر بھی سوالیہ نشان؟

پنجاب کی صوبائی اسمبلی تحلیل ہوئے آج 90 روز مکمل ہو چکے ہیں مگر آئین کے آرٹیکل 224 پر عملدرآمد نہیں ہو سکا

اسلام آباد (خبرنگار) پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں آئین سازی کے 50 سال مکمل ہونے پر آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جسے قومی آئینی کنونشن کا نام دیا گیا، اس میں تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے شرکت کی۔ قومی آئینی کنونشن میں (بقیہ نمبر 3)

الیکشن کمیشن نے این اے 108 کا ضمنی انتخاب ملتوی کر دیا

پی ٹی آئی کے امیدوار میاں فرخ حبیب نے الیکشن ملتوی کرنے کی درخواست دائر کی تھی، نوٹی فکیشن جاری

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے فیصل آباد کے حلقہ این اے 108 کا ضمنی انتخاب ملتوی کر دیا۔ پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔ پی ٹی آئی کے امیدوار میاں فرخ حبیب نے الیکشن ملتوی (بقیہ نمبر 2)

پارلیمان کے اختیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، عطا تارڑ

تقسیم شدہ سپریم کورٹ میں اختلافات ہیں، 8 رکنی بنچ کی تشکیل اس ہی طرح کی گئی جیسے 6 رکنی بنچ کی گئی تھی

اسلام آباد (خبرنگار) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ پارلیمان ایک سپریم ادارہ ہے اور پارلیمان کے اختیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لئے استعداد کار بڑھانے کیلئے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی کی مسلسل حمایت کا خواہاں ہے، شہباز شریف

پاکستانی موسمیاتی تبدیلی اور آفات سے نمٹنے کیلئے استعداد کار کو مزید فروغ دینے میں IRC کی مسلسل حمایت کا خواہاں ہے، وزیراعظم

وزیراعظم نے گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب کے دوران آئی آر سی کی بروقت مدد کو سراہا، انہوں نے صدر آئی آر سی کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور تعمیر نو کے بارے آگاہ کیا

تعمیر نو اور مرمت کے لئے آئی آر سی کی گراں قدر مدد کی اہمیت پر بھی زور دیا، ڈیوڈ ملی بینڈ نے گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لئے بروقت اقدامات کرنے پر حکومت پاکستان کے عزم اور لگن کو سراہا

ملاقات میں وزیر اقتصادی امور سردار ایاز صادق، وزیراعظم کے معاونین خصوصی ڈاکٹر جہانزیب خان، سید طارق فاطمی، چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام موجود تھے

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لئے استعداد کار بڑھانے کیلئے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی کی مسلسل حمایت کا خواہاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی) آئی آر سی (کے صدر اور سی ای او ڈیوڈ ملی بینڈ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعرات کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ پاکستان کے ساتھ آئی آر سی کی قابل قدر اور دیرینہ شراکت کو سراہتے ہوئے وزیراعظم نے گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب کے دوران آئی آر سی کی بروقت مدد کو سراہا۔ انہوں نے صدر آئی آر سی کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور تعمیر نو کے بارے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی اور آفات سے نمٹنے کے لئے (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے علی امین گنڈا پور کی بھکر پولیس کو حوالگی روک دی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے رہنما علی امین گنڈا پور کی بھکر پولیس کو حوالگی روک دی۔ ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈا پور کی دوسرے (بقیہ نمبر 5)

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی پتنگ بازی کے واقعات پر شدید برہم

محسن نقوی کا، غفلت کے ذمہ داروں کیخلاف قانونی و محکمانہ کارروائی کا حکم

لاہور (عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کینال روڈ پیچنگ انڈر پاس کے قریب ڈور پھرنے سے نوجوان کے زخمی ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے غفلت کے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی اور (بقیہ نمبر 6)

یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی امن عامہ کیلئے فول پروف انتظامات

پولیس، انتظامیہ کی شبانہ روز محنت سے پنجاب بھر میں امن رہا: محسن نقوی

محکموں کا ٹیم ورک کے طور پر کام کرنا لائق تحسین ہے، نگران وزیراعلیٰ کا لاہور سمیت پنجاب بھر میں انتظامات پر اطمینان کا اظہار

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لاہور سمیت پنجاب بھر میں یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے موقع پر کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی رات گئے تک سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کرتے رہے۔ محسن نقوی نے یوم شہادت حضرت (بقیہ نمبر 11)

میر کی زیر صدارت آرٹسٹ سپورٹ فنڈ کمیٹی کا اجلاس الحمرا میں منعقد

بائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے آرٹسٹ سپورٹ فنڈ میں شامل آرٹسٹوں کی جانچ پڑتال کے لئے کمیٹی بنانے کی ہدایت کی

مستحق آرٹسٹوں کی بیٹیوں کی شادی کے لیے امدادی رقم 50 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ کر دی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر کی زیر صدارت آرٹسٹ سپورٹ فنڈ کمیٹی کا اہم اجلاس الحمرا لاہور میں منعقد ہوا۔ جس میں سیکرٹری اطلاعات و ثقافت علی نواز ملک اور محکمہ کے ماتحت اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں مستحق آرٹسٹوں کی مالی امداد کے ک (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی نے قومی سلامتی کمیٹی کا ان کیمرہ اجلاس طلب کر لیا

حکومتی اتحاد نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل پر بینچ کا قیام مسترد کر دیا

بینچ بذات خود عدالت عظمیٰ کی تقسیم کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہ سپریم کورٹ کی ساکھ ختم کرنے اور آئینی عمل کو بے معنی کرنے کے مترادف ہے، اعلامیہ

یہ سپریم کورٹ کی ساکھ ختم کرنے اور آئینی عمل کو بے معنی کرنے کے مترادف ہے، متنازعہ بینچ تشکیل دینے کے اقدام کو مسترد کرتے ہیں

اسلام آباد (خبرنگار) حکومتی اتحاد نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل پر عدالت عظمیٰ کے بینچ کا قیام مسترد کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت میں شامل جماعتوں نے اس حوالے سے مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ یہ بینچ بذات خود سپریم کورٹ کی تقسیم کا منہ بولتا ثبوت ہے، ملکی اور عدالتی تاریخ میں ایسا اقدام پہلے کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ یہ سپریم کورٹ کی ساکھ ختم کرنے اور آئینی عمل کو بے معنی کرنے کے مترادف ہے، متنازعہ بینچ تشکیل دینے کے اقدام کو مسترد کرتے ہیں۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ چھوٹے صوبوں سے کوئی جج بینچ میں شامل نہ کرنا بھی قابل افسوس ہے، آئین پاکستان کی روشنی میں پارلیمان کے اختیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، حکومتی اتحاد کے پہلے بیان کردہ مؤقف بھی ایک بار پھر تائید ہوئی ہے۔

ابرار سرور قریشی ڈی ایس پی پرموٹ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان نے رینک لگائے

سیکٹر انچارج جز گوجر خان و سٹاف، سماجی و کاروباری حلقوں اور میڈیا پرسنز نے مبارکباد دی

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ابرار سرور قریشی انچارج صدر سرکل ڈی ایس پی پرموٹ ہو گے پرموشن رینک آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان نے لگائے ان کی پرموشن پر سی ٹی او راولپنڈی تیمور خان، سیکٹر انچارج ٹریفک وارڈن گوجر خان انسپکٹر قاضی سعید رسول، انسپکٹر حسنین، وارڈن آفیسر مرزا جواد، کامران یاسین، محمد عمران، اشفاق کھوکھر، ڈی او افضال، دیگر سٹاف کے علاوہ گوجر خان کی سیاسی سماجی شخصیات راجہ عزیز، راجہ عثمان ضمیر امیدوار برائے ایم پی اے، ایڈووکیٹ راجہ سلیمان ضمیر، انجمن تاجران گوجر خان اور کاروباری شخصیات کے علاوہ میڈیا پرسن نے بھی انکو مبارکباد دیں اور انکے لیے نیک (بقیہ نمبر 12)

گوجر خان: ابرار سرور قریشی ڈی ایس پی پرموٹ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان نے رینک لگائے

جوڈیشل کمیشن کی جسٹس مسرت ہلالی کو چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ بنانے کی سفارش

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) جوڈیشل کمیشن نے جسٹس مسرت ہلالی کو چیف جسٹس بنانے کی سفارش کر دی۔ رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں چیف جسٹس پاکستان کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس ہوا جس میں پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کیلئے جسٹس مسرت ہلالی کے نام پر غور کیا گیا ہے۔ اجلاس میں جوڈیشل کمیشن کے تمام ممبران نے جسٹس مسرت ہلالی کے پشاور ہائیکورٹ کے چیف (بقیہ نمبر 10)

مقدس ماہ میں غریب اور نادار لوگوں کا خیال رکھا جائے، مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی

اس ماہ میں اللہ تعالیٰ کے آگے سجدہ ریز ہو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سنی علما و مشائخ کونسل کے جنرل سیکرٹری مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی نے کہا ہے کہ ماہ رمضان کا آخری عشرہ شروع ہو چکا ہے۔ اس عشرہ میں طاق راتوں کی بہت (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی تھانہ ریس کورس کی حدود میں منشیات فروشی کا دھندا عروج پر

پولیس منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائی کرنے سے قاصر

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ ریس کورس کی حدود میں منشیات فروشی کا دھندا عروج پر پہنچ گیا۔ پولیس منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائی کرنے سے قاصر جبکہ تھانہ ریس کورس کی حدود میں منشیات فروشوں نے ڈیرے لگا لئے۔ نوجوانوں میں منشیات کا استعمال عام اور گلی (بقیہ نمبر 9)

زکو بجٹ برائے سال 2022-23 کے لئے 05 ارب 80 کروڑ روپے کے تخمینہ کی منظوری

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب زکو و عشر کونسل کا 26 واں اجلاس میاں ابرار احمد سیکرٹری زکو و عشر حکومت پنجاب کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ظہور حسین سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، مولانا محمد یوسف خاں (بقیہ نمبر 13)

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے پاکستان میں ایران کے سفیر کی ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی بس اسٹیشن نیو ٹاؤن کی حدود میں جسم فروشی عروج پر

پولیس غلیظ کام کرنے والے ایلیا فیا پر قابو پانے میں بے بس

عوام کی ایس ایچ او نیو ٹاؤن اور ایس پی راول فیصل سلیم صاحب سے جسم فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث مافیا کے خلاف ایکشن لینے کی اپیل

جسم فروشی کے اس دھندے کو متعدد بار رپورٹ کرنے کے باوجود اعلیٰ حکام کی طرف سے کوئی ایکشن نہ لیا گیا جو اعلیٰ افسران کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) تھانہ نیو ٹاؤن کی حدود شمس آباد سے فیض آباد تک جسم فروشی کا دھندہ عروج پر گزشتہ 5 سال سے اس مافیا نے ادھر پنجے گاڑے ہوئے ہیں جو کہ اعلیٰ افسران کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے رات گئے تک جاری اس دھندے کو روکنے میں متعلقہ پولیس بے بس نظر آتی (بقیہ نمبر 14)

بجلی کی بچت کے لوڈ شیڈنگ اور اضافی بل پر قابو پایا جا سکتا ہے، قمر الاسلام راجہ

شہری بجلی کے غیر ضروری استعمال سے اجتناب کریں، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹر آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ

آئیسکو کے 30 لاکھ سے زائد صارفین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بجلی کے غیر ضروری استعمال سے گریز کریں، وزارت توانائی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر بجلی کی بچت کی اہمیت اور اسکے ملکی معیشت پر مثبت اثرات کے بارے میں آئیسکو نے معزز صارفین کیلئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ نے کہا (بقیہ نمبر 19)

کھوئی رٹہ دھنہ ہل مہنی کا رہائشی پاک فوج کا جوان پاک افغان بارڈر پر دوران ڈیوٹی شہید

کھوئی رٹہ (نیوز رپورٹر) کھوئی رٹہ دھنہ ہل مہنی کا رہائشی پاک فوج کا جوان پاک افغان بارڈر پر دوران ڈیوٹی شہید ہو گیا ساجد صغیر شہید پاک افغان بارڈر پر دوران ڈیوٹی پہاڑی تودے (بقیہ نمبر 18)

تھانہ ڈنگہ کی حدود میں 3 بھائیوں سمیت 4 افراد کے قتل کا واقعہ

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ ملزمان کو جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے گجرات کے تھانہ ڈنگہ کی حدود میں 3 بھائیوں سمیت 4 افراد کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ ملزمان کو جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے اور مقتولین کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے گجرات کے تھانہ ڈنگہ کی حدود میں 3 بھائیوں سمیت 4 افراد کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ ملزمان کو جلد (بقیہ نمبر 17)

بنی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) بنی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ 05 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم حسیب (بقیہ نمبر 16)

ایس ایم تنویر سے عمان کے سرمایہ کاروں کے وفد کی ملاقات

عمان کے سرمایہ کاروں کا لاہور میں تھیم پارک کے قیام میں سرمایہ کاری کا خیر مقدم کریں گے

تھیم پارک کے قیام سے پنجاب میں سیاحت کو فروغ ملے گا: صوبائی وزیر صنعت و تجارت

لاہور (جنرل رپورٹر صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر سے عمان کے سرمایہ کاروں کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت مینجنگ ڈائریکٹر سٹار کیئر گروپ مسقط) عمان (المنتھری عبدالجلیل کر رہے تھے۔ عمان کے سرمایہ کاروں نے لاہور میں تھیم پارک کے (بقیہ نمبر 15)

پریس کلب جھنگ اور جھنگ یونین آف جرنلسٹس کی حلف برداری کی تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگ زیب نے عہدے داروں سے حلف لیا اس موقع پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر پی آئی ڈی مبشر حسن صاحب بھی موجود ہے

عالمگیر فوڈز عادل ٹریڈنگ کمپنی کی طرف سے نادار افراد کے لیے رمضان پیکج کا آغاز

رمضان پیکج کی تقسیم گوجر خان کے نواح اسلام پورہ جبر اور بہاولپور کے ایریاز میں کی جائے گی

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق غالب ٹرسٹ عالمگیر فوڈز عادل ٹریڈنگ کمپنی کے زیر اہتمام رمضان المبارک کی بابرکت گھڑیوں میں بہاولپور اور اسلام پورا جبر کے گردونواح میں رمضان پیکج کی تقسیم کی جائے گی اس حوالہ سے دعائیہ تقریب عادل ٹریڈنگ کمپنی اسلام پورا جبر منعقد ہوئی معاشرے کے مستحق اور نادار لوگوں میں رمضان پیکج تقسیم کرنے کا مقصد غریب اور مہنگائی میں پسے (بقیہ نمبر 22)

رمضان کا آخری عشرے کا آغاز، فیصل آباد کے مختلف علاقوں میں مصنوعی زیورات کے سٹالز سج گئے

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) رمضان کا آخری عشرے کے آغاز کے ساتھ ہی فیصل آباد کے مختلف علاقوں میں مصنوعی زیورات کے سٹالز سج گئے ہیں اور خواتین کی جانب سے اس کی خریداری کا رجحان بڑھ گیا ہے۔ دکانداروں کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے 850 سے زائد جاری سکیموں کے فنڈز منجمد ہیں

ترقیاتی سکیموں کے فنڈز جاری کروانے کیلئے الیکشن کمیشن سے بات کروں گا، بیرسٹر سید ظفر علی ناصر

وزیر ہاوسنگ بیرسٹر سید اظفر علی ناصر کا ٹیپا اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کا دورہ

لاہور (خبرنگار) نگران صوبائی وزیر ہاسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بیرسٹر سید اظفر علی ناصر نے ٹریفک انجینئرنگ اینڈ ٹرانسپورٹ پلاننگ انجمنی) ٹیپا (آفس کا دورہ کیا اور اجلاس کی صدارت کی۔ چیف انجینئر ٹیپا مظہر حسین اور دیگر افسران نے اجلاس میں شرکت اور صوبائی (بقیہ نمبر 25)

DG RDA کے احکامات پر غیر قانونی ہاوسنگ سکیموں کیخلاف آر ڈی اے کا کریک ڈاؤن جاری ہے

ترجمان آر ڈی اے نے کہا کہ انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے غیر قانونی رہائشی سکیموں کے خلاف سخت کارروائی کر رہا ہے

اسلام آباد مریناسٹی، پاکستان ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی اور سیون انکلیو ہاسنگ سوسائٹی کے سائٹ آفس، مرکزی دروازوں اور روڈ انفراسٹرکچر کو مسمار کر دیا

راولپنڈی (خصوصی خبرنگار) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ کی ہدایت پر انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیوں کے خلاف جاری آپریشن کے دوران فتح جنگ روڈ پر تین غیر قانونی ہاسنگ سکیموں اسلام آباد مریناسٹی موضع گرہال، پاکستان ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی موضع موہری کھتران اور گرہال اور سیون انکلیو ہاسنگ سوسائٹی موضع گرہال فتح جنگ روڈ راولپنڈی کے سائٹ آفس، مرکزی دروازوں اور روڈ انفراسٹرکچر کو مسمار کر دیا ہے۔ ترجمان آر ڈی اے نے کہا کہ انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے غیر قانونی رہائشی سکیموں کے (بقیہ نمبر 27)

مختلف سوسائٹی کے سائٹ آفس، مرکزی دروازوں اور روڈ انفراسٹرکچر کو مسمار تصویری جھلکیاں

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث 52 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا

ایس ایچ او تھانہ کورال سب انسپکٹر شفقت فیض اپنی ٹیم کے ہمراہ دبنگ کارروائیاں

اسلام آباد (احمد ضمیر سے) تھانہ کورال پولیس ٹیموں نے گزشتہ ماہ کے دوران دبنگ کارروائیاں کرتے ہوئے دہرے قتل، ڈکیتی معہ اقدام قتل، راہزنی، نقب زنی جیسے سنگین جرائم میں ملوث 52 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا۔ ملزمان کے قبضہ سے پراپرٹی کے مقدمات میں ایک کروڑ اکہتر لاکھ روپے سے زائد کا مال بھی برآمد کیا۔ بہترین کارکردگی پر سینئر افسران کی کورال پولیس (بقیہ نمبر 26)

رمضان پیکج کے نوافل میں ملوث 52 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا

سپریم کورٹ سے نوٹسز کے اجرا پر قومی اسمبلی کا ان کیمرا اجلاس ''آج'' طلب

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسپیکر راجہ پرویز اشرف نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل سے متعلق سپریم کورٹ کے نوٹسز پر قومی اسمبلی کا ان کیمرا اجلاس طلب کر لیا۔ اجلاس ''آج'' جمعہ کو بلایا گیا ہے جو دوپہر 02:30 بجے ہوگا۔ (بقیہ نمبر 21)

انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات

راولپنڈی ریجن کے انسپکٹرز کو رینک لگانے کے لیے ریجنل دفتر میں تقریب کا انعقاد

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات پر انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے راولپنڈی ریجن کے انسپکٹرز کو رینک لگانے کے (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی: ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خرم، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کے ہمراہ ترقی پانے والے انسپکٹر کو رینک لگا رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی سچی ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کچے کے علاقے میں آپریشن

جنوبی پنجاب میں کچے کے علاقے میں خطرناک جرائم پیشہ گروہوں اور ڈاکوں کے خلاف آپریشن ہورہا ہے جسے قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کا باہمی تعاون حاصل ہے۔ آپریشن کے لیے آغاز کرنے پنجاب پولیس کے 11 ہزار جوان آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ آپریشن کے پہلے روز ڈاکوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار زخمی، ایک ڈاکو ہلاک جبکہ چھ گرفتار کرلیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بالائی اندرون سندھ، جنوبی پنجاب کے زیریں حصوں اور دریائے سندھ کے کچے کے علاقوں میں گزشتہ کئی دہائیوں سے ایسے جرائم پیشہ اور ڈاکوں کے گروہ سرگرم عمل ہیں جو اجرتی قتل، ڈکیتی اور اغوا برائے تاوان کرتے ہیں، ماضی میں ایسے ہی ڈاکوں کے خلاف متعدد آپریشن کئے گئے اور ان کے زیرتسلط علاقوں کو چھڑا لیا گیا تاہم کچھ عرصے بعد پھر سے ایسے گروہ دوبارہ انہی علاقوں میں آباد ہوگئے۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اِس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ ایسے گروہ بار بار کیوں جنم لے رہے ہیں اور انہیں جدید اسلحہ اور تربیت کون دیتا ہے؟ سہولت کار کون ہے؟ اِن سوالات کے جوابات ڈھونڈے بغیر وہاں مستقل بنیاد پر امن شاید ممکن نہ ہوسکے۔ جنوبی پنجاب میں کچے کے علاقے میں خطرناک جرائم پیشہ گروہوں اور ڈاکوں کے خلاف آپریشن ہورہا ہے جسے قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کا باہمی تعاون حاصل ہے۔ آپریشن کے لیے آغاز کرنے پنجاب پولیس کے 11 ہزار جوان آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ آپریشن کے پہلے روز ڈاکوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار زخمی، ایک ڈاکو ہلاک جبکہ چھ گرفتار کرلیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بالائی اندرون سندھ، جنوبی پنجاب کے زیریں حصوں اور دریائے سندھ کے کچے کے علاقوں میں گزشتہ کئی دہائیوں سے ایسے جرائم پیشہ اور ڈاکوں کے گروہ سرگرم عمل ہیں جو اجرتی قتل، ڈکیتی اور اغوا برائے تاوان کرتے ہیں، ماضی میں ایسے ہی ڈاکوں کے خلاف متعدد آپریشن کئے گئے اور ان کے زیرتسلط علاقوں کو چھڑا لیا گیا تاہم کچھ عرصے بعد پھر سے ایسے گروہ دوبارہ انہی علاقوں میں آباد ہوگئے۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اِس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ ایسے گروہ بار بار کیوں جنم لے رہے ہیں اور انہیں جدید اسلحہ اور تربیت کون دیتا ہے؟ سہولت کار کون ہے؟ اِن سوالات کے جوابات ڈھونڈے بغیر وہاں مستقل بنیاد پر امن شاید ممکن نہ ہوسکے۔ جنوبی پنجاب میں کچے کے علاقے میں خطرناک جرائم پیشہ گروہوں اور ڈاکوں کے خلاف آپریشن ہورہا ہے جسے قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کا باہمی تعاون حاصل ہے۔ آپریشن کے لیے آغاز کرنے پنجاب پولیس کے 11 ہزار جوان آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ آپریشن کے پہلے روز ڈاکوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار زخمی، ایک ڈاکو ہلاک جبکہ چھ گرفتار کرلیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بالائی اندرون سندھ، جنوبی پنجاب کے زیریں حصوں اور دریائے سندھ کے کچے کے علاقوں میں گزشتہ کئی دہائیوں سے ایسے جرائم پیشہ اور ڈاکوں کے گروہ سرگرم عمل ہیں جو اجرتی قتل، ڈکیتی اور اغوا برائے تاوان کرتے ہیں، ماضی میں ایسے ہی ڈاکوں کے خلاف متعدد آپریشن کئے گئے اور ان کے زیرتسلط علاقوں کو چھڑا لیا گیا تاہم کچھ عرصے بعد پھر سے ایسے گروہ دوبارہ انہی علاقوں میں آباد ہوگئے۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اِس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ ایسے گروہ بار بار کیوں جنم لے رہے ہیں اور انہیں جدید اسلحہ اور تربیت کون دیتا ہے؟ سہولت کار کون ہے؟ اِن سوالات کے جوابات ڈھونڈے بغیر وہاں مستقل بنیاد پر امن شاید ممکن نہ ہوسکے۔ جنوبی پنجاب میں کچے کے علاقے میں خطرناک جرائم پیشہ گروہوں اور ڈاکوں کے خلاف آپریشن ہورہا ہے جسے قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کا باہمی تعاون حاصل ہے۔ آپریشن کے لیے آغاز کرنے پنجاب پولیس کے 11 ہزار جوان آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ آپریشن کے پہلے روز ڈاکوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار زخمی، ایک ڈاکو ہلاک جبکہ چھ گرفتار کرلیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بالائی اندرون سندھ، جنوبی پنجاب کے زیریں حصوں اور دریائے سندھ کے کچے کے علاقوں میں گزشتہ کئی دہائیوں سے ایسے جرائم پیشہ اور ڈاکوں کے گروہ سرگرم عمل ہیں جو اجرتی قتل، ڈکیتی اور اغوا برائے تاوان کرتے ہیں، ماضی میں ایسے ہی ڈاکوں کے خلاف متعدد آپریشن کئے گئے اور ان کے زیرتسلط علاقوں کو چھڑا لیا گیا۔

ایسا کب تک چلے گا؟

اکثر سوچتا ہوں کہ ہمارا پاکستان ایک جیتا جاگتا ملک تھا۔ ہم معاشی لحاظ سے مضبوط نہ تھے لیکن باقی سب کچھ تھا، غربت تھی لیکن خوشیاں تھیں میل جول تھا ایک دوسرے کا دکھ درد بانٹنے کا احساس تھا اور بھائی چارہ ایسا کہ کسی اور معاشرے میں جس کی نظیر ملنا مشکل تھی، پھر کیا ہوا؟ ہوا یہ کہ یہ احساس ختم ہوگیا اور صرف احساس ختم نہیں ہوا بلکہ احساسِ زیاں ہی

محمد معاذ قریشی

جاتا رہا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب ایک پاؤ گوشت خرید کر پورا گھرانا اپنی پروٹین کی ضروریات پوری کرلیتا تھا، آلو ڈال کر گوشت پکاتے تھے اور ایک پیالہ سالن پڑوسی کو دینا نہیں بھولتے تھے۔ سفر کے لئے ہر کسی کے پاس سواری نہ تھی اس لئے لوگ پیدل سفر کرتے تھے یا پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرتے تھے، تب پبلک ٹرانسپورٹ کی بھی ایسی خستہ حالی نہ تھی جیسی اب ہے۔ اس حقیقت سے کون واقف نہیں کہ اچھی زندگی کی منزل تک پہنچنے کے لئے رحم وکرم پر قائم عدل وانصاف کا نظام ہی واحد راستہ ہے جس پر چل کر انسان ایک اچھی خوش حال اور بہتر زندگی گزار سکتا ہے، آسودہ رہ سکتا ہے، باہمی گفت وشنید جاری رکھنا تاکہ ایک دوسرے کو سمجھا جا سکے، ایک دوسرے کے ساتھ افہام وتفہیم قائم رکھنا تاکہ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوا جا سکے، عفو ودرگزر سے کام لینا تاکہ معاشرتی تال میل کو برقرار رکھا جا سکے، ایک دوسرے کو قبول کرنا اور ایک دوسرے کے ساتھ اچھے تعلق والی زندگی گزارنا تاکہ ایک مثالی سماج مرتب کیا جا سکے۔ یہی وہ طریقے ہیں جن کو اختیار کرنے سے سماجی، سیاسی، اقتصادی مسائل اور ماحول کی وہ ساری پریشانیاں ختم ہوسکتی ہیں جن سے آج کا انسان دوچار ہے۔ ہم مسلمان ہیں اور ہمارے لئے گفت وشنید کے طریقے کا مطلب مشترکہ سماجی اخلاقی اور روحانی اقدار میں یکسانیت پیدا کرنا ہے۔ ایسا ہوجائے تو یہ بات پورے تیقن کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس سے اس بہترین سماج کی بنیاد پڑے گی جو انسانی ترقی کی منزل کا راستہ ہموار کر سکے۔ افسوس کہ ہم سب یہ ساری باتیں یہ سارے سبق اور یہ ساری خصوصیات بھولتے چلے گئے اور آج ہماری حالت یہ ہے کہ ہم سے اپنے داخلی معاملات بھی نہیں سنبھالے جا رہے اور بیرونی دنیا کے ساتھ بھی ہمارے تعلقات بہت اچھے قرار نہیں دیے جا سکتے۔ اور تو اور ہم سے اپنی معیشت ہی سنبھالی نہیں گئی۔ ہم اپنی آزادی کی پچھتر ویں سالگرہ تو منا چکے ہیں لیکن کسی نے یہ سوچا کہ عالمی برادری میں ہم کہاں کھڑے ہیں اور کیا آزادی کے پچھتر سال گزارنے کے بعد ہمیں یہیں ہونا چاہئے تھا؟ اس سوال کا جواب تلاش کرنا اتنا بھی مشکل نہیں۔ صرف یہ دیکھ لیجئے کہ معاشی لحاظ سے ہماری پوزیشن کیا ہے سب کچھ واضح ہوجائے گا۔ ہمیں آئی ایم ایف سے قرض درکار ہے اور اس کے لئے ہم اس کی ہر جائز وناجائز شرط مان رہے ہیں یہ سوچے بغیر کہ اس کے ہمارے ملک ومعاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوں گے حتیٰ کہ عالمی اقتصادی ادارہ قرضہ دینے کے لئے بیرونی ضامنوں کا تقاضا کر رہا ہے اور ہم وہ بھی فراہم کرنے پر مجبور ہیں۔

غیر منصفانہ

پاکستان میں دولت کی غیر منصفانہ تقسیم نے اتنے مسائل پیدا کردیئے ہیں کوئی کام بھی ڈھب سے نہیں ہو رہا ملک میں ایک طرف عیش وعشرت اور دوسری طرف بھوک ، افلاس اور خودکشیاں ہیں

الیاس محمد حسین

پاکستان میں 10 فی صد کی رفتار سے غربت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے 65 فیصد عوام غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی گذارنے پر مجبور ہیں روزمرہ استعمال کی اشیاء آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اس میں اضافہ در اضافہ سے عام آدمی کی دسترس سے باہر ہیں یہ تو وہی بات ہوئی کہ گرانی اس قدر ہوگی کہ جینا بھی گراں ہوگا

بدقسمتی سے مراعات، آسائشیں اور ترقیاں کرپٹ اور جرائم پیشہ افراد کے حصے میں آرہی ہیں غریب کا کوئی پرسان حال نہیں ان کی حالت ابتر سے ابتر ہوتی چلی جارہی ہے ان حالات میں عام آدمی کو بھی اپنی ترقی کیلئے دن رات ایک کردینا چاہیے سب سے ضروری یہ ہے کہ اپنے بچوں کو بلا تخصیص جنس تعلیم دلانا اپنے اوپر اس طرح فرض کرلیا جائے جیسے ہم بھوک کے وقت خوراک کھاتے ہیں تعلیم یافتہ ہوئے بغیر ترقی ممکن ہی نہیں یہ بات بھی ہر کسی کو جان لینی چاہیے کہ حالات سے گھبرانے والے کبھی منزل تک نہیں پہنچ سکتے کامیابیوں کیلئے اپنے وسائل پر انحصار کرنا ہوگا اپنے پاؤں پر کھڑے ہوکر ہم کامیابیوں کی منازل طے کر سکتے ہیں بھیک میں ملی ہوئی امداد یا قرض سے کسی قوم نے آج تک ترقی نہیں کی۔ تیز رفتار ترقی کیلئے ہمیں اپنے وسائل پر بھروسہ کرنا ہوگا۔ یہ بات سچ ہے کہ عوام کی غالب اکثریت کو توقع تھی اگر عمران خان وزیراعظم بن گئے تو ملک کی معاشی حالت بہتر ہوسکتی ہے لیکن یہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا عمران خان کے خلاف عدم اعتماد کے بعد موجودہ حکومت نے مہنگائی، بیروزگاری، بجلی، آٹا، سبزیاں اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتنا اضافہ کردیا ہے کہ عام استعمال کی چیزیں بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئی ہیں۔ ہمارے عظیم لیڈر محمد علیؒ جناح نے 24 اپریل 1943ء کو دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کی صدارتی تقریر میں فرمایا تھا پاکستان میں عوام کی حکومت ہوگی۔ انہوں نے سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کو وارننگ دیتے ہوئے کہا تھا اب یہ سسٹم نہیں چلے گا، پاکستان میں ظلم ہرشکل میں ختم کروں گا۔ ہم آج اسلام کا درس بھلا چکے ہیں لالچ اور خودغرضی نے معاشرہ کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے جس کی وجہ سے امیر،،، امیر ترین ہوتے جارہے ہیں شہر گاؤں جہاں بھی چلے جاؤ غربت ہی غربت نظر آتی ہے لوگوں کے پاس 2 وقت کی روٹی نہیں ان حالات میں قائداعظمؒ کی سوچ اور افکار کی روشنی میں ایک منصفانہ نظام کا قیام ہے اس سے سماجی ناہمواریوں کا خاتمہ، 22 کروڑ عوام کو ہر شعبہ زندگی میں ترقی کے یکساں مواقع حاصل ہوں گے اعلیٰ تعلیم ،علاج معالجہ کی سہولیات، انصاف، روزگار میسر آسکے گا پاکستان کی ترقی کیلئے ایک تجویز یہ ہے کہ جب تک پاکستان کے تمام قرضے ادا نہیں کردیئے جاتے وزیروں، مشیروں اور ارکان اسمبلی کی تنخواہ، ہر قسم کی مراعات، پروٹوکول اور الاؤنسز بند کردیئے جائیں یہ رقم ایک مربوط سسٹم کے تحت ہر یونین کونسل کی سطح پر خفیہ سروے کرکے ان لوگوں میں بانٹ دی جائے جو کچھ کرنا چاہتے ہیں لیکن ان کے پاس وسائل نہیں، خفیہ سروے کیلئے بلدیاتی کونسلرز، کریانہ فروشوں اور سبزی بیچنے والوں سے بھی مدد لی جاسکتی ہے مجھے یقین ہے کہ پاکستان کے تمام تر وسائل پر قابض اشرافیہ کو یہ تجویز پسند نہیں آئے گی اور وہ دل و جان سے ایسی ہر تجویز کی مخالفت کریں گے کیونکہ وزیروں، مشیروں اور ارکان اسمبلی کا تعلق خواہ کسی بھی پارٹی سے ہو ان کے مفادات ایک ہیں اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کی بیوروکریسی کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک کیا جانا ناگزیر ہے کیونکہ اس طبقہ کی تمام آشائشیں پاکستان کے دم سے ہے اس لیے مہنگائی، بیروزگاری اور غربت کے خاتمہ کیلئے حکومت کو ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے جب تک حکومت کی پالیسیاں عوامی نہیں ہونگی بہتری نہیں آسکتی۔ اب صورتحال یہ ہے کہ ملکی حالات تبدیلی سرکار کے بعد تجربہ کار حکومت سے بھی نہیں سنبھالے جارہے ڈالر، مہنگائی، ادویات بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تاریخ کی سب سے بڑی بلندی تک پہنچ گئی ہیں۔

موبائل بجتی گھنٹی اور ایوارڈ دہائی

صحافت ایک مقدس اور منظم پیشہ ہے جس کے پیشہ وارانہ تقاضے پورا کرنے پر ہی ایک صحافی بنتا یا اس کا لقب ملتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ ایک پیشہ وارانہ سلسلہ ہے جس میں اداروں

بے تکی باتیں
اے آر طارق
artariq2018@gmail.com

اے آر طارق

کے ساتھ باقاعدہ کام کرنے والے افراد شامل ہیں۔ ان میں بھی مختلف اقسام ہیں۔ لیکن ان کیساتھ ایسے نام نہاد صحافیوں کی پوری کھیپ بھی پروان چڑھ چکی ہے جن کا صحافت سے کوئی پیشہ وارانہ تعلق نہیں۔ ان کا زندگی بھر کوئی اور پیشہ رہا اور تاحال بھی روٹی روزی کیلیے دوسرے پیشے سے منسلک ہیں۔ نہ کبھی باقاعدہ منظم صحافت کی اور نہ اب کر رہے ہیں۔ ہاں کچھ ذاتی مفادات کے لیے کچھ اداروں میں اپنے ذاتی تعلقات کے بل بوتے پر جا گھسے اور صحافی کہلانے لگے ہیں ان جیسے صحافیوں کو پیسا، شہرت، کلب کی رکنیت اور پلاٹ اور اندر باہر کے کھابے اور دورے درکار ہیں۔ اب یہ دو نمبر صحافیوں نے اپنی واہ واہ کے لیے جھوٹی صحافتی یا ادبی تنظیمیں بنا رکھی ہیں۔ ملک عزیز پاکستان میں جہاں صحافت کا معیار انتہائی ناگفتہ بار ہے وہیں اس کی آڑ میں پنپنے والی صحافتی تنظیمات کا حال بھی کسی سے ڈھکا چھپا نہ ہے۔ صحافت میں بے شمار افراد خودساختہ اور جعلی ہیں اسی طرح بیشتر صحافتی تنظیمیں بھی بس خالی خانہ پوری ہیں جعلی اور خود ساختہ ہیں۔ چند ایک تنظیمات کے علاوہ بیشتر تنظیمات تو صرف اپنی ہی پبلسٹی اور مشہوری کے لیے تشکیل پائیں۔ کمال کی بات یہ ہے کہ خود کو اصلی کہلوانے یا معتبر بنانے کے لیے ان میں چند معتبر ادیبوں اور صحافیوں کو شامل کرلیا ہے۔ اب وہ بے چارے دوستی تعلق کے نام پر یا ان کے جھانسے میں آکر اس مافیا کے ساتھ جڑ گئے ہیں۔ ان کا خود کو معتبر کہلوانے کا ایک طریقہ واردات یہ بھی ہے کہ یہ اپنی تقریبات میں ڈھیر سارے دو نمبر یا غیر معیاری ادبا اور صحافیوں کے ساتھ چند معتبر صحافیوں اور ادبا کو بھی ایوارڈ لینے کے لیے آمادہ کرتے ہیں تاکہ ان کے ایوارڈ کی ساکھ رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ چند معتبر ادبا اور صحافیوں یا شخصیات کو مہمانان خصوصی بناتے ہیں۔ ان سے لوگوں کو ایوارڈ یا میڈل دلواتے ہیں۔ وہ بھی شہرت یا تعلقات کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ بیشتر تنظیمیں برسات کی لگی جھڑی کی طرح برستی ضرور ہیں مگر اکثر رجسٹریشن مراحل سے نہیں گزری ہیں۔ اس صورت حال نے صحافت کا جنازہ ہی نکال کے رکھ دیا ہے اور ادبی وصحافتی اقدار کی دھجیاں ہی بکھیر کے رکھ دی ہیں۔ صحافتی میدانوں میں کیا عجب تماشا لگا ہوا ہے کہ ان کچھ بے نام تنظیمات کے خودساختہ کرتا دھرتاوں نے علم و ادب کے نام پر کیا عجب اور نرالے کھیل تماشے رچا رکھے ہیں۔ خود ساختہ جعلی ایوارڈ، میڈل، شیلڈ، تعریفی اسناد کیسے کلام اور کتاب کے نام پر لکھاریوں کو گمراہ کیے دے رہے ہیں۔ جن کی نہ کوئی وقعت ہے۔ مختلف حربے طریقے اپنائے، ان بیوپار کاروبار افراد کا طریقہ واردات بھی بہت سے عجب معاملات لئے ہوتا ہے۔ ایسے کرکے، ایسے نہ کرکے، اِس طرح اس طرح کی بھول بھلیوں میں پھنسا اور الجھا کر کتاب اور کلام انعامی لاٹری گیم کھیل تماشہ دکھائے، اہل علم وادب کی آنکھوں میں دھول جھونکے ہوئے ہیں۔ چند سستی شہرت کے خواہشمند لکھاری، مصنف ایسے لالچی اور بے شرم ٹولے کا سب سے آسان ہدف ہوتے ہیں اور ان کا عالم یہ ہوتا ہے کہ یہ ایسے لوگوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے درمیان کوآرڈینیشن سین کچھ اس طرح کا ہوتا ہے ہیلو جی فلاں رائٹر فورم سے میں۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔ بول رہا ہوں، میں کیاں ویرنوں ایوارڈ ہی دے دیے۔ اگر جواب ہاں میں ہے تو فٹ ایوارڈ/میڈل حرکت میں اور اگر جواب نہ میں ہے تو آفر کردہ ایوارڈ / گولڈ میڈل واپس سیدھا اپنی جیب میں اور ایوارڈ/میڈل ندارد۔ کیا میرٹ اور معیار ہے ایوارڈ دینے کا؟؟؟ اور ایسی خودساختہ تنظیموں اور ان کے کرتا دھرتاں کا؟؟؟ کچھ تنظیمات کا حال یہ ہے کہ اپنے دیے گئے میڈل میں یہ فرق کرنے سے بھی یکسر خالی ہوتی ہیں کہ، جنہیں یہ بھی پتہ نہ ہوتا ہے کہ میڈل اور گولڈ میڈل میں کیا فرق ہے۔ اپنی سراب اور بری طرح ہڑبونگ مچی فلاپ تقریبات میں موجود سولکھاریوں کو پیتل نما نکاٹو کری بکتے میڈل دے کر قومی اخبارات پیپرز میں اپنی مشہوری گولڈ میڈل سے نوازا گیا کے نام سے کرتے ہیں۔ ایسے لوگ جو ایسے دعوے کرتے ہیں گولڈ میڈل تو ایک طرف رہا، اپنے میڈل پر سونا چڑھا پانی ہی ثابت کردیں تو بڑی بات ہے۔ کمال عجیب لوگ ہیں اچھے خاصے چند جانے پہچانے صحافیوں کے جلو میں گولڈ میڈل سے نوازا گیا جیسے جھوٹ سر محفل سر بازار بولتے ہیں۔ حیرت میں مزید اضافہ تب ہوتا ہے جب لینے اور دینے والے بھی اسے وہما یا تصورتا پیتل نما میڈل کی بجائے گولڈ میڈل سمجھ لیتے۔۔۔۔۔۔۔ پھر بھی اگر یہ واقعی ہی بقول ایسے لوگوں کے یہ تقسیم کردہ میڈل گولڈ میڈل ہی ہیں تو یقیناً بہت زیادہ خرچہ آیا ہوگا مگر دلچسپ اور حیران کردینے والی بات یہ ہوگی کہ رمضان المبارک سے چند دن پہلے ایسے احباب کی تو گویا انعام لاٹری نکل آئی ہے۔ آپ کا خوشی سے کہیں دم نہ نکل جائے، زیادہ خوش نہ ہوئے کہ ایسے کنگلے لوگ ایسے تماشے نہیں دکھا سکتے ہیں۔ یہ میڈل ہیں گولڈ میڈل نہیں ہیں۔ اور جو ایسے گولڈ میڈل تماشا دکھاتے، کیسے دکھاتے، کسی کی نظر سے ذرا سا بھی اوجھل نہیں ہے۔ صحافت کے بچے جمہورے، یہ فراڈ لوگ خودساختہ، جعلی تماشبی دکھا سکتے ہیں۔ اصلی وحقیقی علم وہنر سے آراستہ استادہ روایات کے حامل امین ونفیس لوگ ان کے پاس کہاں؟؟؟ بات تلخ ہے مگر ہے سوچنے کی۔۔ دراصل اصلی یا معتبر ادبا اور صحافیوں کو کیا ایسے ایوارڈز قبول کرنے چاہئیں۔ کیا معتبر ادبا اور صحافیوں کو ایسی تقریبات کا حصہ ہونا چاہیے جن کا نہ کوئی علمی وادبی قد نہ ساکھ۔ ان کے ایوارڈ کی ساکھ کیا اور اعتبار کیا۔۔ دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے۔

iwww.joinpaf.gov.pk iwww.joinpaf.gov.pk iwww.joinpaf.gov.pk

JOIN
PAKISTAN AIR FORCE AS OFFICERS
IN INFORMATION TECHNOLOGY BRANCH

Candidates must be in possession of NADRA Smart Card

ONLINE REGISTRATION ON 15 APRIL 2023 at www.joinpaf.gov.pk

INFORMATION TECHNOLOGY
(130 CSC SSC)

Age : 18 to 30 years on 25 April, 2023
Nationality : Male / Female citizens of Pakistan
Marital Status : Married / Unmarried
Height (Male) : Minimum 5 Feet 4 Inches / 163 cm
Height (Female) : Minimum 4 Feet 10 Inches / 147 cm

EDUCATIONAL QUALIFICATION:
MCS / BCS (Hons) / BCE (1st Division / Grade 'B')

EXPERIENCE:
At least 02 years of working experience in a reputable institution

Training Period : 24 Weeks

SELECTION PROCEDURE
- Online registration at www.joinpaf.gov.pk
- Intelligence Test followed by Academic Test in relevant subjects at respective I & SC.
- Initial medical examination and interview at I & SC.
- Psychological Test of Short listed candidates only.
- Interview by AHQ Special Selection Board.
- Final medical examination at CMB, Lahore.
- Final Selection by AHQ in order of merit.

BENEFITS
- Highly competitive salary package
- Free medical treatment for self and family
- Training and posting in different cities of Pakistan and abroad
- Free accommodation and 50% waiver in fare by train and air travel
- Internationally recognized courses
- Membership of Air Force Officer Housing Scheme (AFOHS)

INELIGIBILITY CONDITIONS
A candidate is ineligible if he / she is:-
a) Rejected by ISSB / GHQ / NHQ / AHQ selection boards.
(i) Twice rejected by ISSB for Post Grad Entry.
(ii) Twice rejected by ISSB for intermediate / Graduate (PMA / Graduate / Equivalent) and once rejected by ISSB OR GHQ / NHQ / AHQ based selection boards.
(iii) Once rejected by ISSB for intermediate / Graduate (PMA / Graduate / Equivalent) and once rejected by ISSB OR GHQ / NHQ / AHQ based selection boards.
b) Twice screened out by ISSB.
c) Dismissed / Removed / Debarred from Govt Services including Armed Forces.
(d) Tested within four months (120 days) gap of previous appearance in ISSB except waiver granted by the competent authority. However, bar of 120 days will not be applicable to candidates appearing in GHQ / NHQ AHQ selection boards.
(e) Convicted in a Court of Law for any heinous offense (to be ascertained by the competent military authority)
(f) Permanently declared UNFIT by Appeal Medical Board (PUF by AMB).
(g) Declared medically unfit due to Hepatitis B & C (AMB cannot be requested).
(h) Withdraw from any bonded Armed Forces college / institution on disciplinary grounds.
(j) Withdrawn / discharged / resigned or purchase release from any Armed Forces officers Academy / Training institution on any ground.
(k) Tempering of academic certificate / forgery / concealment to get undue advantage will make an applicant permanently ineligible for all types of commission in Armed Forces.
(l) Gives incomplete, false or wrongful information.
(m) Thrice screened out by Army / Navy / Air Force during preliminary selection.

For further details, contact any of the following PAF Information & Selection Centres along with all original Educational Certificates and mark sheets, 04 passport size attested photographs and self NADRA Smart Card / Father/ Mother. Old NIC / Form B is not acceptable.

ABBOTTABAD	310-Mensehra Road, Near Ayub Medical Complex	Ph: 0992-385157,385166
FAISALABAD	Main Jhang Road, Near Airport Chowk	Ph: 041-9201199,2577799
HYDERABAD	49 - Salahuddin Road, Cantt	Ph: 022-920093
KARACHI	Main Sharh-e-Faisal (Near PAF Base) Faisal	Ph: 021-99240999
LAHORE	14 - Munir Road, (Near PAF Cinema) Munir Chowk	Ph: 042-99220084, 36671041-3
MULTAN	217 - Sher Shah Road	Ph: 061-9201183-9201795
MUZAFARABAD	Shaukat Lines Near Army Public School, Cantt	Ph: 0344-0969323
MIANWALI	Fazaia Road, Opp Custom Office	Ph: 0459-350226
D.I.KHAN	Fazle Elahi Shaheed Road, Near Bus Stand	Ph: 0966-9280311
PESHAWAR	9-The Mall, Peshawar Cantt	Ph: 091-9210829,5286329
QUETTA	M.A Jinnah Road	Ph: 081-92017531
RAWALPINDI	3-The Mall, Opposite AFIC	Ph: 051-5701143,5701257-58
SUKKUR	Opposite Govt Islamia College, Minara Road	Ph: 071-9310409

iwww.joinpaf.gov.pk iwww.joinpaf.gov.pk iwww.joinpaf.gov.pk

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 14 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 اپریل 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، انگوری، این سی پی، منگیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائد اعظم یونیورسٹی، پنجاب ہاؤس، بری امام، منڈالہ، اٹھال، این آئی ایچ فیڈرز چکوال سرکل، ڈیرہ مسلم فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ہے کہ قانون سازی پارلیمان کا اختیار ہے اور سب کو عدل وانصاف ہوتا ہوا نظر آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بنچ کی تشکیل پسند ناپسند کی بنیاد پر کی گئی ہے، ہم 2 ہفتے سے فل کورٹ کی استدعا کر رہے ہیں، تحریک انصاف کے لوگوں کے ساتھ روابط ہیں، بنچ کی تشکیل میں فل کورٹ کیوں نہیں بن سکتا؟ ایک تقسیم شدہ سپریم کورٹ میں اختلافات ہیں، 8 رکنی بنچ کی تشکیل اس ہی طرح کی گئی جیسے 6 رکنی بنچ کی گئی تھی، قانون ابھی بنا ہی نہیں اور سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا، یہ قابل قبول نہیں ہوگا کہ توہین پارلیمان کیا جائے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ کل پاکستان بار کونسل نے ہڑتال کا اعلان کیا، تقسیم شدہ ادارہ نزاعات کو ہوا دے رہا ہے، فواد چودھری کے بھائی فیصل چودھری پیغام رسانی کر رہے ہیں، ایک شخص کیلئے اوپر سے نیچے تک سہولت کاری ہو رہی ہے، آج بھی اسے ویڈیو لنک سے پیشی کی سہولت فراہم کی گئی، ایسی ڈکٹیٹر شپ زندگی میں نہیں دیکھی۔ معاون خصوصی کا مزید کہنا تھا کہ ہم کورٹس کا احترام کرتے ہیں عزت کرتے ہیں، یک طرفہ انصاف ہے اور غیر جانبدارانہ پالیسیاں ہیں، الیکشن کیلئے فنڈز دینے کا اور فنڈز کے اجرا کا فیصلہ پارلیمنٹ نے کرنا ہے، پارلیمانی معاملات میں عدلیہ کو مداخلت نہیں کرنی چاہئے۔

بقیہ 2

کرنے کی درخواست دائر کی تھی، فرخ حبیب نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہماری اپیل کی سماعت سے قبل ہی فیصلہ سنا دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے فیصل آباد کے حلقہ این اے 108 کا ضمنی انتخاب ملتوی کر دیا۔ پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔ پی ٹی آئی کے امیدوار میاں فرخ حبیب نے الیکشن ملتوی کرنے کی درخواست دائر کی تھی، فرخ حبیب نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہماری اپیل کی سماعت سے قبل ہی فیصلہ سنا دیا۔

بقیہ 3

چاروں صوبوں کے گورنرز، وزرائے اعلیٰ، ایک سو بیس جامعات کے سربراہان، طلبا، سماجی شخصیات نے اس تقریب میں شرکت کی، اعلیٰ عدالتوں کے جج صاحبان کو بھی اس تقریب میں مدعو کیا گیا تاہم صرف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے اس تقریب میں شرکت کی۔ آئین سازوں کی دوسری اور تیسری نسل اس تقریب میں شریک تھی اور اپنے بزرگوں کے آئین سازی میں حصے پر نازاں تھی

بقیہ 4

استعداد کار کو مزید فروغ دینے میں آئی آر سی کی مسلسل حمایت کا منتظر ہے۔ انہوں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں تباہ شدہ سکولوں اور ہسپتالوں کی تعمیر نو اور مرمت کے لئے آئی آر سی کی گراں قدر مدد کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ڈیوڈ ملی بینڈ نے گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لئے بروقت اقدامات کرنے پر حکومت پاکستان کے عزم اور لگن کو سراہا۔ انہوں نے آفات اور موسمیاتی تبدیلی کے انتظام میں پاکستان کے ساتھ تعاون کو مزید گہرا کرنے کی آئی آر سی کی خواہش کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات میں وزیر اقتصادی امور سردار ایاز صادق، وزیر اعظم کے معاونین خصوصی ڈاکٹر جہانزیب خان، سید طارق فاطمی، چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام موجود تھے۔

بقیہ 5

صوبوں کی پولیس کو حوالگی روکنے کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ پانچ مقدمات ہوں یا پچاس، بھکر کی پولیس یہاں آکر کیوں تفتیش نہیں کر سکتی، یہ کوئی قدغن نہیں کہ دوسرے صوبے کی پولیس یہاں زیر حراست ہونے کے دوران تفتیش نہیں کر سکتی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے علی امین گنڈاپور کی بھکر پولیس کو حوالگی روکتے ہوئے سیشن جج کا پہلے درخواست خارج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ ہائی کورٹ نے ہدایت کی کہ سیشن کورٹ علی امین گنڈاپور کو سن کر فیصلہ کرے، اسلام آباد ہائیکورٹ میں علی امین گنڈاپور کی درخواست زیر التوا تصور ہوگی، سیشن جج اگر علی امین گنڈاپور کی درخواست خارج کرتے ہیں تب بھی بھکر پولیس کو حوالگی نہیں ہوگی، سیشن عدالت کے فیصلے کے خلاف دوبارہ ہائی کورٹ سنے گی۔

بقیہ 6

محکمانہ کارروائی کا حکم دیتے ہوئے پتنگ بازی کے واقعات پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پابندی کے باوجود پتنگ بازی کے واقعات کا ہونا افسوسناک ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے لاہور سمیت پنجاب بھر میں پتنگ بازی کے قانون پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی ہے اور کہا کہ پتنگ بازی پر پابندی کے قانون کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف موثر کریک ڈان کیا جائے

بقیہ 7

یسز کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر عامر میر نے آرٹسٹ سپورٹ فنڈ میں شامل آرٹسٹوں کی جانچ پڑتال کے لئے کمیٹی بنانے کی ہدایت کی تاکہ آرٹسٹوں کی مالی امداد کے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ صوبائی وزیر عامر میر نے کہا کہ مستحق آرٹسٹوں کی بیٹیوں کی شادی کے لیے امدادی رقم 50 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ کر دی ہے اور فوت ہونے والے آرٹسٹوں کی تجہیز و تکفین کے لے مالی امداد 50 ہزار روپے دی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر عامر میر نے مستحق آرٹسٹوں کی مالی امداد کی رقم جاری نہ کرنے پر متعلقہ سٹاف کی سرزنش کی اور آرٹسٹوں کی رکی ہوئی مالی امداد فوری طور پر جاری کرنے کی ہدایت کی۔ انھوں نے کہا کہ یہ پیسہ آرٹسٹوں کی امانت ہے، جلد ان تک پہنچایا جائے اور آرٹسٹوں کی مالی معاونت کے عمل کو مزید آسان بنایا جائے۔ صوبائی وزیر عامر میر نے نئے مستحق آرٹسٹوں کی شمولیت کے لئے آرٹسٹ سپورٹ فنڈ کی منظم اور مربوط آگہی مہم چلانے کی ہدایت کی تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق آرٹسٹ اس سے مستفید ہو سکیں۔ صوبائی وزیر نے پی ایس پی اے کے نمائندے کو ہدایت کی کہ تمام آرٹسٹوں تک مالی امداد پہنچانے کے لئے مربوط نظام وضع کیا جائے۔ تاکہ کوئی بھی مستحق آرٹسٹ مالی امداد سے محروم نہ رہے۔ عامر میر نے کہا کہ فنکاروں کی ملک کے لیجنڈ مات کے معترف ہی اور ہمارا مشن ہی فن اور فنکار کی خدمت ہے۔

بقیہ 8

اہمیت ہے۔ اس عشرہ کی ہر رات کو ملک پاکستان کو مضبوط اور امن کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر فرد کو دعا کرنی چاہیے۔ اس مقدس ماہ میں غریب اور نادار لوگوں کا خیال رکھا جائے۔ رمضان المبارک اخوت، رواداری کا درس دیتا ہے۔ اس ماہ میں اللہ تعالیٰ کے آگے سجدہ ریز ہو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

سنی علما و مشائخ کونسل کے جنرل سیکرٹری مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی نے کہا کہ نیکیاں سمیٹنے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرنے کا ستھری موقع اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں دیا ہے۔ اس بابرکت ماہ میں زیادہ سے زیادہ عبادات کرنی چاہیے۔ مخیّر حضرات اپنے ارد گرد غریب اور مستحق لوگوں کا خیال رکھیں۔

بقیہ 9

گلی دھنہ عروج پر پہنچ گیا۔ تھانہ ریس کورس کی حدود ڈھوک سیداں، مغل آباد، برف خانہ، رضا منزل، پیپلز کالونی بابا شہید قبرستان والی گلی گردونواح میں نشئی کھلے عام چرس اور دیگر نشہ آور اشیا کا استعمال کرتے نظر آتے ہیں اور منشیات کے حصول میں بھی انہیں کوئی دشواری نہیں۔ عوام کہتے ہیں منشیات مافیا نے شہر میں نیچے گاڑھ رکھے ہیں۔ کوئی روکنے والا ہے نہ پوچھنے والا ہے۔ تھانہ ریس کورس کی حدود میں منشیات کی فروخت عام ہوگئی ہے۔ نشئی کہتے ہیں پولیس دھندے میں برابر کی شریک ہے جو پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ شہر میں منشیات مافیا کے خلاف فوری طور پر کارروائی کی جائے اور گھناونے کاروبار میں ملوث پولیس کی کالی بھیڑوں کو بھی کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 10

جسٹس بننے کی سفارش کی۔ جوڈیشل کمیشن کی سفارش حتمی منظوری کیلئے پارلیمنٹ کو بھجوا دی گئی۔ واضح رہے کہ جسٹس مسرت ہلالی اس وقت پشاور ہائیکورٹ میں بطور قائمقام چیف جسٹس فرائض سرانجام دے رہی ہیں اور سینیئر ترین جج ہیں۔ یاد رہے کہ جسٹس مسرت ہلالی چیف جسٹس کے منصب پر فائز ہونے والی خیبر پختون خوا کی پہلی خاتون چیف جسٹس ہیں۔ جسٹس مسرت ہلالی خیبر پختون خوا کی پہلی خاتون چیئرپرسن ماحولیاتی تحفظ ٹریبونل بھی رہ چکی ہیں۔ وہ خیبر پختون خوا کی پہلی خاتون محتسب کے طور پر بھی کام کر چکی ہیں۔

بقیہ 11

علی کرم اللہ وجیہہ پر سکیورٹی اور امن عامہ کیلئے فول پروف انتظامات پر پولیس وانتظامیہ کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ پولیس، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مل کر امن وامان کی فضا کو برقرار رکھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور پولیس، انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی شبانہ روز محنت سے پنجاب بھر میں امن رہا۔ کابینہ کمیٹی برائے امن وامان اور پوری ٹیم کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں اور اداروں نے جس طرح ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کیا وہ لائق تحسین ہے

بقیہ 12

خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

، ڈاکٹر ممتاز اختر فاضل ممبران پنجاب زکوٰۃ وعشر کونسل اور مختلف صوبائی محکمہ جات کے نمائندگان کے علاوہ رانا محمد سجاد بابر ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ وعشر پنجاب نے شرکت کی۔ اجلاس میں زکوٰۃ بجٹ برائے سال 23-2022 کے لئے 05 ارب 80 کروڑ روپے کے تخمینہ کی منظوری دی گئی۔ کونسل نے گزارہ الاؤنس کی مد میں 03 ارب 19 کروڑ روپے، نابینا افراد کے لئے گزارہ الاؤنس کی مد میں مبلغ 20 کروڑ 30 لاکھ روپے، جزام کے مریضوں کو گزارہ الاؤنس کی فراہمی کے لئے مبلغ 12 لاکھ روپے، صوبائی ضلع و تحصیل کی سطح کے ہسپتالوں میں غریب اور نادار افراد کے مفت علاج و معالجے کے لئے 46 کروڑ 20 لاکھ روپے، مستحق طلباء وطالبات کو تعلیمی وظائف کی فراہمی کے لئے 14 کروڑ 50 لاکھ روپے، دینی مدارس کے مستحق طلباء وطالبات کو تعلیمی وظائف کی فراہمی کے لئے 18 کروڑ 50 لاکھ روپے جبکہ تعلیمی وظائف فنی کی مد میں 79 کروڑ 40 لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی تاکہ مستحق طلباء وطالبات ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس میں مفت فنی تربیت حاصل کر سکیں۔ علاوہ ازیں شادی گرانٹ کی مد میں 20 کروڑ روپے مختص کرنے کی بھی منظوری دی۔

بقیہ 14

ہے راولپنڈی کی مین شاہراہ مری روڈ پر سرعام جسم فروشی کا دھندہ کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہماری نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر ہے پہلے بھی متعدد بار میڈیا نے اس کیس کو رپورٹ کیا لیکن کسی قسم کا کوئی ایکشن دیکھنے کو نہیں ملا عوام نے متعلقہ ایس ایچ او اور ایس پی راول فیصل سلیم صاحب سے ایکشن لینے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 15

قیام میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ تھیم پارک کے قیام سے پنجاب میں سیاحت کو فروغ ملے گا اور صوبے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور عمان کے مابین گہرے دوطرفہ تعلقات قائم ہیں۔ دونوں ممالک کے مابین معیشت کے مختلف شعبوں میں بھی اشتراک موجود ہے۔

بقیہ 16

کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چوری شدہ 05 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم نے بنی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منظم و متحرک گینگو کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے جسے یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 17

قانون کی گرفت میں لایا جائے اور متقولین کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 18

کی زد میں آکر شہید ہوگیا شہید کی نماز جنازہ پورے فوجی اعزاز کے ساتھ گزشتہ روز آبائی گاؤں دھنہ ہل کے مقام پر ادا کی گئی جس میں لیفٹننٹ اعجاز شہید کے والد چوہدری صغیر چوہان، ممبر ضلع کونسل عبدالقیوم قمر، قاضی ارشد رضوی، سابق ممبر پبلک سروس کمیشن عارف کٹاریہ سمیت دیگر نے خطاب کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدیت پیش کیا نماز میں جنازہ میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی بعد ازاں شہید کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا قبر پر پھولوں کی چادریں چڑھائی گئی اور مسلح فوج کے جوانوں نے سلامی دی شہید کے والد نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ میں ایک شہید کا باپ ہوں اور وطن کے دفاع کے لئے میرے بیٹے نے جان کا نظرانہ پیش کیا۔

بقیہ 19

ہے کہ اسلام ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ اعتدال پسندی کو اپنائیں اور اسی حوالے سے وہ آئیسکو کے 30 لاکھ سے زائد صارفین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بجلی کے غیر ضروری استعمال سے گریز کریں اور اپنے بچوں کو بھی بجلی کی بچت کی اہمیت اور اس کے فوائد کے بارے میں آگاہی فراہم کریں۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کا بیشتر دارومدار بجلی کی فراہمی پر ہوتا ہے۔ بجلی موجود ہوگی تو ملک کی انڈسٹری چلے گی اور اگر انڈسٹری چلے گی تو ملک کی معیشت کا پہیہ رواں دواں رہے گا۔ اسلئے ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے کہ بجلی کا غیر ضروری استعمال نہ کریں اور خصوصی طور پر شام 6 بجے سے رات 10 بجے تک استری، موٹر، اے سی کے استعمال سے گریز کریں۔ آئیسکو چیف نے تمام فیلڈ دفاتر، آئیسکو افسران اور عملے کو ہدایات بھی جاری کیں کہ اپنے دفاتر اور گھروں میں بجلی کے غیر ضروری استعمال سے گریز کریں اور کفایت شعاری کو اپناتے ہوئے بجلی کا استعمال کم کر کے پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 20

لیے ریجنل دفتر میں تقریب کا انعقاد، آر پی او راولپنڈی ریجن سید خرم علی اور سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے راولپنڈی ریجن کے ترقی پانے والے افسران کو انسپکٹر عہدہ کے رینک لگائے۔ اس موقع پر آر پی او ریجن سید خرم علی نے کہا کہ محنت اور لگن سے کام کرنے والے اور محکمہ کی مثبت شناخت قائم کرنے والے افسران ہی محکمہ کا اصل سرمایہ ہیں، آپ کی محکمانہ ترقی نہ صرف آپ کے لیے خوشی کا باعث ہے بلکہ پورے خاندان کے لیے باعث فخر ہے۔ آپ اس معیار میں مزید اضافہ کرتے ہوئے میرٹ اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ ترجمان آر پی او راولپنڈی کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات پر ترقی پانے والے راولپنڈی ریجن کے 31 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی یاب ہونے پر ریجنل دفتر میں رینک لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خرم علی، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے ترقی پانے والے افسران کو انسپکٹر کے رینک لگائے۔ ترقی پانے والوں میں سب انسپکٹر منظور حسین، سب انسپکٹر بدر منیر، سب انسپکٹر امتیاز حسین، سب انسپکٹر خالد حسین، لیڈی سب انسپکٹر نسرین بتول، سب انسپکٹر طالب حسین، سب انسپکٹر منصور مظہر، سب انسپکٹر محمد اویس اکرم، سب انسپکٹر یاسر عباس، سب انسپکٹر ظہیر الدین بابر، سب انسپکٹر شفقت علی خان، سب انسپکٹر عمران احمد، سب انسپکٹر سجاد علی، سب انسپکٹر منصور علی اکبر، سب انسپکٹر احمد نواز، سب انسپکٹر حسین رضا، سب انسپکٹر طارق محمود، سب انسپکٹر محمد شعیب، سب انسپکٹر آفتاب احمد، سب انسپکٹر اسلم شہزاد، سب انسپکٹر محمد ممتاز، سب انسپکٹر صفدر حسین، سب انسپکٹر نذر محمد، سب انسپکٹر محمد افضال، سب انسپکٹر اصغر علی، سب انسپکٹر فاروق غزنی، سب انسپکٹر محمد طفیل، سب انسپکٹر عامر عبداللہ، سب انسپکٹر محمد ادریس، سب انسپکٹر محمد افضال اور سب انسپکٹر فضل حسین شامل ہیں۔ سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے ترقی پانے والے افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ آئندہ بھی اسی جذبے اور محنت کے ساتھ اپنے محکمانہ کام کو جاری رکھیں اور مزید ترقی کا سفر طے کرتے جائیں،

بقیہ 21

قومی اسمبلی حکام کا کہنا ہے کہ اسپیکر نے پہلے سے جاری اجلاس کو ہی ان کیمرہ کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ آج چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 8 رکنی لارجر بنچ نے ''سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل'' کے خلاف درخواستوں پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد وفاقی حکومت، اٹارنی جنرل، سیاسی جماعتوں، پاکستان بار کونسل اور سپریم کورٹ بار کو نوٹس جاری کر دیے۔

بقیہ 22

طبقے کی مشکلات کم کرنا ہے تاکہ آسانی سے سحر وافطاری گھر پر رہ کر کر سکیں ان خیالات کا اظہار ایم ڈی عادل ٹریڈنگ کمپنی حاجی چودھری اورنگزیب نے کیا انہوں نے کہا ہم بلا تفریق مسلک و مذہب خدمت خلق کے اس سلسلے کو جاری رکھے ہوئے ہیں ہر ماہ جس طرح راشن کی تقسیم کا سلسلہ ہوتا ہے ماہ رمضان میں خصوصی پیکیج دیا جاتا ہے اور اسی طرح معاشرے کے نادار لوگوں کو عید کی خوشیاں بانٹنے کا موقع ملتا ہے اور انہوں نے کہا کہ مخیّر حضرات کو اس طرف توجہ کرنا ہوگی تاکہ مستحقین تک ان کا حق پہنچ سکے حاجی اورنگزیب نے کہا مہنگائی بے روزگاری کی وجہ سے غریب کے ساتھ ساتھ سفید پوش طبقہ بھی پریشان ہے معاشرے کے مخیّر حضرات کو کردار ادا کرنا ہوگا مخلوق خدا کی خدمت کر کے اللہ کی خوشنودی حاصل کی جاسکتی ہے مخلوق خدا کی خدمت عبادت ہے اللہ کی یہ ایک خاص عطا ہوتی ہے جو لوگ اللہ کے دیے ہوئے مال سے خرچ کرتے ہیں اللہ کی ذات ان پر اور زیادہ مہربان ہوتی ہے۔

بقیہ 23

گزشتہ سال کی نسبت اس سال مصنوعی زیورات کی قیمتوں میں بیس سے تیس فیصد تک اضافہ ہوا ہے، مصنوعی زیورات کی مانگ میں اضافہ ہو رہا ہے اور 90 فیصد سے زیادہ خواتین مصنوعی زیورات کا استعمال شروع کر دیا ہے ہر قسم کے رنگ میں دستیاب ہونے کی وجہ سے زیورات کا جوڑ کپڑوں کے رنگ کے ساتھ آسانی کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس لئے مارکیٹ میں اس کی طلب بڑھ رہی ہے یہ تمام سامان چین سے منگوایا جا رہا ہے، اس طرح انڈیا سے براستہ دوبئی اور افغانستان بھی مصنوعی زیورات کو منگوایا جا رہا ہے جو خواتین کی توجہ اور مقبولیت حاصل کئے ہوئے ہیں اور اس کی قیمت بھی چند سو سے شروع کر 5 ہزار تک ہے

بقیہ 24

ڈائریکٹر فوڈ یاسر حسن، ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ ہزارہ ڈویژن شہباز طارق، ڈپٹی کمشنر تورغر ضیاء الرحمٰن مروت، اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر عامر خالد کی زیر نگرانی عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کیلئے ضلع تورغر میں فری سرکاری آٹا کی شفاف سپلائی جاری ہے، مفت سرکاری آٹا سکیم کی نگرانی ضلعی انتظامیہ تورغر و محکمہ خوراک تورغر سرانجام دے رہے ہیں۔ ضلع بھر میں قائم مفت آٹا پوائنٹس سے ضلع تورغر کے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحقین خاندانوں میں مفت آٹے کی تقسیم کا عمل روزہ مرہ بنیاد پر احسن طریقہ سے جاری ہے، سینکڑوں لوگ روزانہ کی بنیاد پر فری سرکاری آٹا پوائنٹس سے صاف وشفاف طریقہ سے آٹا وصول کر رہے ہیں۔

بقیہ 25

وزیر کو محکمہ کی کارکردگی بارے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیپا کی کارکردگی انتہائی شاندار ہے اور یہ محکمہ لاہور کے ٹریفک مسائل حل کرنے میں اچھا کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیر ہاسنگ نے پیدل چلنے کیلئے سڑکوں پر فٹ پاتھ بنانے اور لاہور میں ٹریفک مسائل کے حل کیلئے جامع رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر ہاسنگ نے مختلف شاہراہوں کو سگنل فری کرنے اور داتا دربار، بھاٹی چوک کے علاقے میں ٹریفک پلاننگ، ری موڈلنگ اور پیڈسٹرین آپریشن پر کام کرنے کی ہدایت کی۔ ٹیپا سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اہم منصوبوں کو شامل کرنے کیلئے سمری تیار کرے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ محکموں میں کرپشن ختم کرنے کیلئے سخت اقدامات کرنا ہونگے۔ کرپٹ افسران کی خلاف اینٹی کرپشن میں مقدمات درج کروائیں گے۔ گزشتہ چند سالوں میں ہاسنگ ڈپارٹمنٹ میں سرکاری پراجیکٹس میں حکومت کا بے تحاشا پیسہ برباد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کا حل موجود ہوتا ہے، صرف تھوڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ پانچ سال تک اس محکمہ کو مختلف منصوبوں پر عملدرآمد نہیں کرنے دیا گیا۔ 2018 میں خالد بٹ چوک پر ٹریفک جام کیلئے فلائی اوور بنانے کی تجویز پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ بعد ازاں اظفر علی ناصر کی زیر صدارت پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا اجلاس ہوا جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل عمر فاروق اور دیگر افسران نے صوبائی وزیر کو محکمہ کی کارکردگی پر بریفنگ دی۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے 850 سے زائد جاری سکیموں کے فنڈز الیکشن کمیشن نے منجمد کئے ہیں۔ فنڈز جاری نہ ہونے سے بہت سی ترقیاتی سکیمیں رکی ہوئی ہیں۔ سکیموں کے فنڈز جاری کروانے کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے بات کروں گا جبکہ الیکشن کمیشن اور چیف سیکرٹری سے بھی بات کی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ میری کوشش ہوگی عام آدمی کے مسائل حل کروں۔ محکمہ کو ترقیاتی سکیم مکمل ہونے کے بعد اس کی دیکھ بھال کیلئے بھی میکانزم بنانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سی سکیمیں تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں اور محکمہ کو ان سکیموں کی تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت ہے جن کا ترقیاتی کام 80 فیصد سے زائد مکمل ہو چکا ہے۔ اور جن سکیموں کا 40 اور 60 فیصد سے زیادہ کام مکمل ہو گیا ہے انکی بھی فہرستیں تیار کی جائیں گی۔

بقیہ 26

ٹیوں کو شاباش۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈان جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ کورال سب انسپکٹر شفقت فیض معہ پولیس ٹیوں نے گزشتہ ایک ماہ کے دوران اپنے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف دبنگ کارروائیاں کیں اور سنگین و دیگر جرائم میں ملوث 52 ملزمان کو پابند سلاسل کیا اور ایک کروڑ اکہتر لاکھ روپے سے زائد کا لوٹا گیا مال بھی برآمد کر کے ان کے مالکان کے حوالے کیا جس میں 08 موٹر سائیکل، 03 عدد موبائل فون، 2560000 روپے نقدی، 2270000 روپے مالیت کے طلائی زیورات ونقدی، 3533000 روپے مالیت کا گھریلو دوکان کا سامان اور 04 عدد کاریں برآمد کیا، کورال پولیس نے 18 مارچ کو کھنہ پل گورے بیکری کے پاس سرکاری آٹا تقسیم کرنے والی گاڑی سے ڈکیتی کے دوران فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل کرنے والے سابقہ ریکارڈ یافتہ اور مطلوب ملزم ارشد عرف فوجی سمیت دو ملزمان کو قلیل وقت میں گرفتار کیا، ملزم نے تھانہ کورال، سہالہ، شہزاد ٹان، کھنہ، شالیمار، گولڑہ کے علاقوں میں سرکاری آٹا، فارمیسیز اور دیگر متعدد ڈکیتیوں کا انکشاف کیا جس سے مزید تفتیش جاری ہے۔ اسی طرح ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کر کے جیل بھجوایا گیا جو گن پوائنٹ پر دکانوں اور سڑکوں پر لوگوں کو لوٹتے تھے، کورال پولیس نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگ کے تین ملزمان کو بھی گرفتار کر کے 08 موٹر سائیکل برآمد کئے، علاوہ ازیں لیور برادر ڈکیتی کیس جس میں ڈاکوں نے گاڑی سے نقدی 495000 روپے اور موبائل فون لوٹے تھے کورال پولیس نے سو فیصد برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر دی، پولیس نے گھریلو ڈکیتی اور اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث خطرناک گروہ کے ایک ملزم کو بھی گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا اور اس کے قبضہ سے لوٹی گئی رقم 10 لاکھ روپے برآمد کر لی، یہ ملزمان اسلام آباد اور راولپنڈی میں مطلوب اور درجنوں وارداتوں میں سابقہ ریکارڈ یافتہ تھے، غیر قانونی اسلحہ اور منشیات فروشی میں ملوث 08 ملزمان کو گرفتار کر کے 05 عدد پسٹل، 2535 گرام چرس، 20 لیٹر شراب برآمد کی، کورال پولیس نے 06 گینگز کے 16 ملزمان کو گرفتار کیا، سنگین و دیگر جرائم میں ملوث 06 اشتہاریوں کو گرفتار کیا، کورال پولیس نے اسی عرصہ میں گمشدہ و اغوا کے مقدمات میں 10 عورتوں، مردوں اور بچوں کو بھی بازیاب کر کے بحفاظت ورثا کے حوالے کیا۔ کورال پولیس نے اسی عرصہ کے دوران 220 مقدمات کو یکسو کر کے ان کے چالان مجاز عدالتوں کو بھجوائے۔ اس بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او معہ ٹیوں کو افسران بالا کی طرف سے نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا گیا اور عوام الناس کی طرف سے کورال پولیس کی کارکردگی کو بھرپور سراہا گیا۔ سی پی او ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے بتایا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کر دیا ہے اور تمام افسران کو اس حوالے سے واضح ہدایات ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈان جاری رکھیں اور شہریوں کو ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ 27

خلاف سخت کارروائی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی سی ایکٹ 1976 کے سیکشن 39 کے تحت اور پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاسنگ سکیم رولز 2021 کے تحت کاروائی کرتے ہوئے مذکورہ غیر قانونی رہائشی سکیموں کے مالکان کو نوٹسز بھی جاری کیے گئے تھے۔ انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے بشمول انچارج و اسسٹنٹ ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول، ڈپٹی انچارج، سپرنٹنڈنٹ سکیم اور دیگر نے مذکورہ غیر قانونی ہاسنگ سکیمز کے خلاف آپریشن کیا۔ اس پراپرٹی کا مالکان قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کے سائٹ آفس چلا رہے تھے۔ آر ڈی اے کے ترجمان نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے عوام الناس کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے مفاد میں کسی ایسی غیر قانونی و غیر مجاز ہاسنگ سکیم میں کوئی سرمایہ کاری نہ کریں جس کی حیثیت کو آر ڈی اے نے غیر قانونی قرار دیا ہے

مجھے قانونی چیلنجز کا سامنا ہے حکومت انتخاب لڑنے سے روک سکتی ہے، عمران خان

پاکستان کا قرض بڑھ رہا ہے اور معیشت آہستہ آہستہ سکڑ رہی ہے، کم آمدنی والے ممالک پر قرضوں کا بوجھ بے قابو ہو چکا ہے

آئی ایم ایف 7 ارب ڈالر پروگرام بحال کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ملک اس وقت ڈیفالٹ ہونے کے خطرے سے دوچار ہے، عمران خان

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کے معاشی بحران کیلئے سرجری کرانے کی ضرورت ہے، مجھے قانونی چیلنجز کا سامنا ہے حکومت انتخاب لڑنے سے روک سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان نے ''برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز'' کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کا قرض بڑھ رہا ہے اور معیشت آہستہ آہستہ سکڑ رہی ہے، کم آمدنی والے ممالک پر قرضوں کا بوجھ بے قابو ہو چکا ہے۔ پاکستان بغیر اصلاحات قرض ادائیگی کے چکر سے نکلنے کی جدوجہد کر رہا ہے جبکہ پاکستان بدترین معاشی بحران سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف 7 ارب ڈالر پروگرام بحال کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ملک اس وقت ڈیفالٹ ہونے کے خطرے سے دوچار ہے، غیر ملکی ذخائر 4 اعشاریہ 2 ارب ڈالر رہ گئے (بقیہ نمبر 28)

مظفر آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر کی نااہلی کے باوجود پی ٹی آئی اکثریتی پارٹی برقرار

RDA کے تعمیراتی سرگرمیوں کے فیلڈ انسپکٹرز کی آٹ سورسنگ منصوبہ کیلئے اجلاس منعقد

منصوبے میں زیادہ سے زیادہ چار فرموں نے حصہ لیا ہے جن میں نیسپاک، ٹیک جی آئی ایس اور شیر ہرساز، اربن کمیونٹی ہاسنگ اور میسا شامل ہیں

جمشید آفتاب، ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے محمد سلیم اشرف، محمد جاوید اور P&D نمائندے نے شرکت کی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے محمد سیف انور چیمہ کی صدارت میں "آر ڈی اے کے دائرہ اختیار میں تعمیراتی سرگرمیوں کے فیلڈ انسپکٹرز کی آٹ سورسنگ" کے منصوبے کے لیے کنسلٹنٹ سلیکشن کمیٹی کا پہلا اجلاس منعقد کیا۔ ترجمان آر ڈی اے نے بتایا کہ اجلاس میں کنسلٹنٹ سلیکشن کمیٹی کے ممبران بشمول ڈائریکٹر لینڈ یوز اینڈ بلڈنگ کنٹرول جمشید آفتاب، ہاسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے محمد سلیم اشرف، محکمہ خزانہ کے نمائندے محمد جاوید اور P&D نمائندے نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کنسلٹنٹ سلیکشن کمیٹی نے پری کوالیفیکیشن دستاویزات جیسے EOI کھولے تھے۔ اس منصوبے میں زیادہ سے زیادہ چار فرموں نے حصہ لیا ہے جن میں نیسپاک، ٹیک جی آئی ایس اور شیر ہرساز، (بقیہ نمبر 31)

سمرقند: سمرقند: وزیر مملکت حنا ربانی کی مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ سے ملاقات

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں

09 ملزمان گرفتار، ساڑھے 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 09 ملزمان گرفتار، ساڑھے 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے ملزم عباس سے 01 کلو 250 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم معاذ سے 140 گرام چرس، ملزم عامر سے 500 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم عامر سے 550 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم عبدالوحید سے 120 گرام چرس، ملزم وقاص سے 160 گرام چرس، (بقیہ نمبر 29)

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے عمران خان کو نوٹس بھیج دیا

میڈیا رپورٹس کے مطابق عمران خان پر 36 لاکھ روپے ٹیکس واجب الادا ہیں

عمران خان اور دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کو 14 اپریل کو طلب کیا گیا ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو نوٹس بھیج دیا۔ محکمہ ایکسائز کی جانب سے لکشری ہاؤس ٹیکس کا نوٹس بھیجا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عمران خان پر 36 لاکھ روپے ٹیکس واجب الادا ہیں۔ محکمہ ایکسائز کی دو رکنی ٹیم نوٹس کی تعمیل کیلئے زمان پارک پہنچی۔ عمران خان وزیر آباد میں قاتلانہ حملے میں زخمی ہونے کے بعد سے لے کر اب تک لاہور میں اپنی رہائشگاہ زمان پارک میں ہی موجود ہیں۔ دوسری جانب انسداد دہشت گردی عدالت میں چیئرمین تحریک (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: ڈیڈ لاک کی بڑی وجہ عمران خان، شرائط نہ رکھی جائیں، بیٹھ کر بات ہو سکتی ہے، قمر زمان کائرہ

معاشی بحران کے باعث 44 فیصد ترقیاتی فنڈز خرچ نہ کیے جا سکے

رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 316 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز ہی خرچ کیے گئے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) معاشی بحران کے باعث ملک میں ترقیاتی سرگرمیاں ماند پڑ گئیں، رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 44 فیصد ترقیاتی فنڈز خرچ نہ کیے جا سکے۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 316 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز ہی خرچ کیے گئے۔ نو ماہ میں بجلی کے منصوبوں کے لیے سب سے زیادہ 77 ارب روپے کے فنڈز خرچ کیے گئے، ڈیموں اور دیگر آبی وسائل کے منصوبوں کے لیے 49 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز خرچ کیے گئے۔ ایس ڈی جیز وغیرہ کے لیے (بقیہ نمبر 36)

روات پولیس کی اہم کاروائی، قتل کے مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) روات پولیس کی اہم کاروائی، قتل کے مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، ملزمان نے سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کر کے شہری وجاہت کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں مدثر، رضوان اور ثاقب شامل (بقیہ نمبر 35)

1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کر دیا

سکے کی شکل گول ہے جسے 30.0 ملی میٹر سمت کے ساتھ نقش کیا گیا ہے

آئین کا مقصد پاکستان کے قانون، سیاسی ثقافت اور نظام کو رہنمائی فراہم کرنا ہے، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کر دیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی طرف سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کا آئین جو 1973 کے آئین کے طور پر بھی مشہور ہے اسے پاکستان کے اعلیٰ ترین قانون کی حیثیت حاصل ہے اور اس کا مقصد پاکستان کے قانون، سیاسی ثقافت اور نظام کو رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ اس میں ریاستی خدوخال کا تعین کیا گیا ہے اور یہ آبادی کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ہر پاکستانی شہری کی سلامتی کی ضمانت دیتا (بقیہ نمبر 34)

بنی پولیس کی اہم کاروائی، تلخ کلامی پر مووی میکر کو قتل کرنے والا نامزد ملزم گرفتار

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) بنی پولیس کی اہم کاروائی، تلخ کلامی پر مووی میکر کو قتل کرنے والا نامزد ملزم گرفتار، ملزم ذیشان نے اپنے بھائیوں کے ہمراہ تشدد کر کے شہری محبوب الرحمٰن کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تلخ کلامی پر مووی میکر کو قتل کرنے والے نامزد ملزم ذیشان کو گرفتار کر لیا، ملزم نے اپنے (بقیہ نمبر 33)

معاشی بحران کے باعث 44 فیصد ترقیاتی فنڈز خرچ نہ کیے جا سکے

رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 316 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز ہی خرچ کیے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) معاشی بحران کے باعث ملک میں ترقیاتی سرگرمیاں ماند پڑ گئیں، رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 44 فیصد ترقیاتی فنڈز خرچ نہ کیے جا سکے۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں 316 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز ہی خرچ کیے گئے۔ نو ماہ میں بجلی کے منصوبوں کے لیے سب سے زیادہ 77 ارب روپے کے فنڈز خرچ کیے گئے، ڈیموں اور دیگر آبی وسائل کے منصوبوں کے لیے 49 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز خرچ کیے گئے۔ ایس ڈی جیز وغیرہ کے 3 (بقیہ نمبر 32)

کراچی، گارمنٹس فیکٹری میں آگ لگنے سے چار فائر فائٹرز ہلاک

پولیس کے مطابق بدھ کی شب لگنے والی آگ کی وجہ سے فیکٹری کی عمارت منہدم ہو گئی

ریسکیو اہلکاروں نے، حادثے میں ہلاک ہونے والے فائر فائٹرز کی لاشیں نکال لیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) کراچی میں ایک گارمنٹس فیکٹری میں بڑے پیمانے پر آگ لگنے سے آگ بجھانے والے عملے کے چار اہلکار ہلاک اور تقریباً ایک درجن دیگر افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کی شب لگنے والی آگ کی وجہ سے فیکٹری کی عمارت منہدم ہو گئی۔ اس آگ کا سبب فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکا۔ اس سے پہلے فیکٹری سے اچانک سرمئی دھواں اٹھنے لگا تھا اور عمارت کے گرنے تک فائر فائٹرز آگ پر قابو پا چکے تھے۔ ریسکیو اہلکاروں نے فیکٹری کے ملبے سے اس حادثے میں ہلاک ہونے والے فائر فائٹرز کی لاشیں نکال لیں۔ حکام نے بتایا کہ آگ بجھانے والی کئی گاڑیوں کو شہر کے ایک صنعتی علاقے میں جائے وقوعہ پر روانہ کیا گیا، جہاں کئی فیکٹریاں واقع ہیں۔ افسران ایک ملحقہ عمارت میں آگ کے اثرات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے فائر فائٹرز کی ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ''شہید'' قرار دیا، جو دوسروں کی جانیں بچانے کی (بقیہ نمبر 37)

مغربی ہوائیں 15 اپریل کو ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہوں گی، عمران قریشی

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل پروفیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب فلائیٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عمران قریشی نے کہا ہے کہ مغربی ہوائیں 15 اپریل کو ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہوں گی جو بعد میں مغربی سے وسطی علاقوں تک پھیل جائیں گی۔ جس کے باعث 15 اپریل سے 20 اپریل کے دوران مری، اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم میں آندھی طوفان اور تیز ہواں کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، اسی دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی: ہوشاب میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 3 دہشت گرد ہلاک

نگران وزیر اعلیٰ کا ماڈل بازار سبزہ زار کا اچانک دورہ، بعض سنٹرز بند، شہریوں کی شکایات

محسن نقوی کا مفت آٹے کے بعض سنٹرز بند کئے جانے کا نوٹس، انتظامیہ کو فوری طور بند سنٹرز کھولنے کا حکم

بعض سنٹرز بند ہونے سے دیگر سنٹرز پر رش بڑھا، دورے کیلئے نکلا تو بعض سنٹرز بند ملے جس پر انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے آج ماڈل بازار سبزہ زار کا اچانک دورہ کیا۔ محسن نقوی نے مفت آٹے کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ شہر میں بعض سنٹرز بند کئے جانے کے حوالے سے شہریوں نے شکایات کیں۔ محسن نقوی نے شہر میں مفت آٹے کے بعض سنٹرز بند کئے جانے کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو فوری طور مفت آٹے کے بند سنٹرز کھولنے کا حکم دیا۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ بند سنٹرز کو شہریوں کی سہولت کے لئے فی الفور اوپن کیا جائے کیونکہ بعض سنٹرز بند ہونے سے دیگر سنٹرز پر شہریوں کا رش بڑھ گیا ہے۔ میں آج شہر میں مفت آٹا سنٹرز کے دورے (بقیہ نمبر 41)

فیصل آباد: الیکشن کمیشن نے این اے 108 کا ضمنی انتخاب ملتوی کر دیا

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری قانونی ٹیم مکمل طور پر فیل ہو چکی ہے، سینیٹر افنان اللہ کا ٹویٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکمران اتحاد جماعت کو اس وقت قانونی محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسی حوالے سے سینیٹر افنان اللہ نے بھی اپنی قانونی ٹیم کی ناکامی کا اعتراف کر لیا۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری قانونی ٹیم مکمل طور پر فیل ہو چکی ہے۔ آج سپریم کورٹ میں عدالتی اصلاحات بل کیخلاف درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 40)

اتحادی حکومت کی جماعتوں کو مذاکرات پر آمادہ کرنے کے لئے پیپلز پارٹی نے کوششیں شروع کر دیں

اسلام آباد (خبر نگار) اتحادی حکومت کی جماعتوں کو مذاکرات پر آمادہ کرنے کے لئے پیپلز پارٹی کی 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سید یوسف رضا گیلانی، سید نوید قمر اور قمر زمان کائرہ کو نامزد کر دیا۔ جمیل سومرو نے چیئرمین سیکرٹریٹ سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ قبل ازیں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے بیک ڈور مذاکرات میں گارنٹی پر (بقیہ نمبر 39)

پنجاب اور کے پی انتخابات کے فنڈز کا بل مسترد

ہٹ دھرمی کے فیصلوں سے ریاست نہیں چلائی جا سکتی، سینیٹر انوار الحق کاکڑ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی اسمبلی اور سینیٹ کی خزانہ کمیٹیوں نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں عام انتخابات کے فنڈز سے متعلق الیکشن چارج ایکسپنڈیچر بل 2023 مسترد کر دیا قومی اسمبلی اور سینیٹ کی خزانہ کمیٹیوں کا الگ الگ اجلاس قیصر احمد شیخ اور سینیٹر دلاور خان کی زیر صدارت ہوئے قائمہ کمیٹی کے اجلاسوں میں خیبر پختونخواہ اور پنجاب الیکشن کرانے کیلئے فنڈنگ کی قانون سازی پر تفصیلی بحث کی گئی۔ اراکین کمیٹی نے الیکشن کمیشن کو فنڈز فراہمی کی مخالفت کرتے ہوئے ملک بھر میں ایک ہی دن انتخابات کا مطالبہ کر دیا، سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا اس طرح ہٹ دھرمی کے فیصلوں سے ریاست نہیں چلائی جا سکتی (بقیہ نمبر 44)

ڈی پی او کوہستان اپر خالد خان نے اچھار چوکی میں جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا

کوہستان اپر (جنرل رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کوہستان اپر محمد خالد خان نے گذشتہ رات اچھار چوکی میں پولیس جوانوں کے ساتھ ایک ہی دسترخوان پر روزہ افطار کیا اور ساتھ ہی (بقیہ نمبر 43)

ادارہ گلستان معذورین کی فلاحی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں

وراس ادارے کے عہدیدار، سرپرست انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ادارہ گلستان معذورین کے منظم انداز و جذبے سے افراد باہم معذورین کیلئے فلاحی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں۔ اور اس ادارے کے عہدیدار، سرپرست انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی پریس کلب کے صدر نظیر احمد پنھور نے گلستان معذورین کی جانب سے سالانہ عید گفٹ۔ راشن بیگز افطار ڈنر (بقیہ نمبر 42)

ڈگری پوسٹ: ضلعی پریس کلب کے صدر نظیر احمد پنھور گفتگو کر رہے ہیں

فیصل آباد: شہر اور گردونواح مین ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح مین ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری 110 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں روپے مالیت کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان، موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں لے اڑے جبکہ مسلح ڈاکوؤں نے کم سن لڑکی کے کانوں سے طلائی بالیاں چھین لی اور گلستان کالونی میں (بقیہ نمبر 45)

انتخابات پاکستان کا اندرونی معاملہ، امریکہ سے مداخلت کا مطالبہ قابل مذمت ہے، شیری رحمان

عمران خان نے امریکی حکومت پر من گھڑت الزامات لگا کر ملکی سفارتی تعلقات اور مفادات کو داؤ پر لگایا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان نے امریکی حکومت پر من گھڑت الزامات لگا کر ملکی سفارتی تعلقات اور مفادات کو داؤ پر لگایا لیکن اب حکومت میں آنے کیلئے اسی سے حمایت مانگ رہے ہیں، انتخابات پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، اس حوالے سے امریکہ سے مداخلت کا مطالبہ قابل مذمت ہے۔ جمعرات کو اپنے ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال اپریل میں (بقیہ نمبر 46)

غریبوں کو مفت علاج فراہم جدید ترین ہسپتال بنائے ماڈل اسٹیل کی خدمات قابل ستائش ہیں، گورنر پنجاب

پاکستان، انسان دوستی کی بنیاد پر فراخدلانہ عطیات دینے والے صف اول کے ممالک میں شامل ہے، بلیغ الرحمان

4 منزلہ 50 بستروں پر مشتمل ہسپتال پر 500 ملین روپے لاگت آئی ہے، چیئرمین اور ایم ڈی ماڈل اسٹیل مہر کاشف

لاہور (خبر نگار) گورنر پنجاب انجینئر محمد بلیغ الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان معاشرے کے غریب طبقات کے دکھوں کا مداوا کرنے اور آفات سے متاثرہ افراد کی جلد بحالی کے لیے انسان دوستی کی بنیاد پر فراخدلانہ عطیات دینے والے صف اول کے ممالک میں شامل ہے۔ جمعرات کو یہاں راجہ ویلفیئر ہسپتال کی افتتاحی تقریب سے مختصر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ہی چھت تلے غریبوں کو مفت طبی علاج فراہم کرنے کے لیے جدید ترین ہسپتال بنانے کی ماڈل اسٹیل کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عطیات کا بڑھتا ہوا رجحان اوسط اور کم آمدنی والے ممالک کے لیے فنڈنگ کا بڑھتا ہوا ذریعہ ہے جس سے صحت عامہ، تعلیم، زراعت، صنفی مساوات اور صاف توانائی کیلئے رقوم مہیا ہو رہی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ چیریٹی ہسپتال علاقے کے لوگوں کی طبی ضروریات کو پورا کرے گا۔ انہوں نے بڑے کاروباری افراد اور صنعتکاروں پر زور دیا کہ وہ آگے آئیں اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں بالخصوص صحت اور تعلیم کے شعبے میں کام کریں اس کا فائدہ آنے والی نسلوں کو بہتر ملک کی شکل میں ملے گا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان میں عطیات اور خیرات کا کلچر بہت مضبوط ہے اور صاحب حیثیت افراد انسان دوستی میں افراد، کمیونٹی اور عظیم مقاصد کے لیے بڑے مالی وسائل عطیہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام (بقیہ نمبر 47)

حلقے کی عوام کے دکھ درد میں انکے ساتھ ہوں، میر طارق خان

ٹان کمیٹیوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے، رکن سندھ اسمبلی

ہر لمحہ حلقے میں عوام کے درمیان موجود ہوں آپکے مسائل میرے مسائل ہیں

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) حلقے کی عوام کے دکھ درد میں انکے ساتھ ہوں، ٹان کمیٹیوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے، پرانی ترقیاتی اسکیمیں جلد مکمل کروائی جائیں گی ان خیالات کا اظہار رکن سندھ اسمبلی میر طارق خان تالپور نے ٹان کمیٹی ٹنڈو جان محمد میں مدت ملازمت مکمل کرنے والے ملازمین کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انکا مزید کہنا تھا کہ میں ہر لمحہ حلقے میں عوام کے درمیان موجود ہوں آپکے مسائل میرے مسائل ہیں آنکھول کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہوں ٹان کمیٹیوں کی کارکردگی کو مزید (بقیہ نمبر 53)

ناہلی کیس، تنویر الیاس کی سزا معطل کرنے کی درخواست خارج

سپریم کورٹ آزاد کشمیر نے ہائیکورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا ہے

چیف جسٹس سعید اکرم نے ریمارکس دیئے کہ اپیل کا ٹائٹل درست نہیں

مظفر آباد (جنرل رپورٹر) سپریم کورٹ آزاد کشمیر نے تنویر الیاس کی ناہلی کیس سے متعلق سزا معطل کرنے کی درخواست خارج کر دی، عدالت نے ہائیکورٹ کے فیصلے کو بحال رکھا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ آزاد کشمیر میں سردار تنویر الیاس کی ناہلی کیس سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس سعید اکرم راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے ہائیکورٹ کے حکم کیخلاف فیصلہ معطل کرنے کی دائر درخواست خارج کر دی، عدالت نے ہائیکورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا ہے۔ قبل ازیں سپریم کورٹ آزاد کشمیر نے سردار تنویر الیاس کی ناہلی کے خلاف اپیل (بقیہ نمبر 48)

ٹیکسلا پولیس کی اہم کاروائی، لاکھوں روپے مالیت کا سریا چوری کرنے والے 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی اہم کاروائی، لاکھوں روپے مالیت کا سریا چوری کرنے والے 03 ملزمان گرفتار، ملزمان سے 01 ٹن سریا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کا سریا چوری کرنے والے 03 ملزمان حسن، نور اور ظفر کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 01 ٹن سر (بقیہ نمبر 50)

عید سے قبل ملک کے بیشتر علاقوں میں بارش کی پیشگوئی

مغربی ہوائیں 15 اپریل کو ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہوں گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عید الفطر سے قبل ملک کے بیشتر علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کر دی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں 15 اپریل کو ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہوں گی جس کے باعث 15 سے 20 اپریل کے دوران کشمیر، گلگت، چترال، سوات، مانسہرہ، ہری پور اور ایبٹ آباد میں بارش کا امکان ہے پشاور، مری، اسلام آباد، راولپنڈی، جہلم (بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں دورہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ (بقیہ نمبر 51)

سورج مکھی کی فصل سے زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے بروقت آبپاشی کی جائے، ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ سورج مکھی کی فصل خوردنی تیل کی ملکی پیداوار بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے بیج میں اعلیٰ قسم کا چالیس فیصد سے زیادہ خوردنی تیل پایا جاتا ہے جو کہ انسانی صحت (بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد: ادارے حدود میں رہیں گے تو تصادم کی صورتحال نہیں ہوگی، یوسف رضا گیلانی

سٹی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سٹی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، چوری شدہ 03 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان نجیب الرحمٰن اور محمد عدیل کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے چوری شدہ 03 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

07 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم ہارون سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، آر اے بازار پولیس نے ملزم علی سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم غلام عباس سے 08 روند پسٹل 30 بور، ٹیکسلا پولیس نے ملزم شان محمود سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم عاطف سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم مراد سے 1 0 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم طاہر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کا گزشتہ روز 6th روڈ میٹرو سٹیشن کے سرپرائز وزٹ کے موقع پر سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر اور دیگر محکموں کے افسروں و ہدایات جاری کرتے ہوئے

یوم انسداد ڈینگی کے موقع پر خصوصی صفائی و آگاہی مہم چلائی جائے، حسن وقار چیمہ

ڈینگی اور جراثیم کے خاتمے کیلئے چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا جائے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

حسن وقار چیمہ کا، گزشتہ روز 6th روڈ میٹرو سٹیشن کا سرپرائز وزٹ خصوصی ہدایات

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ یوم انسداد ڈینگی کے موقع پر خصوصی صفائی و آگاہی مہم چلائی جائے، شہر بھر میں بھرپور صفائی، نالیوں کی ڈی سلٹنگ اور خالی پلاٹوں کو صاف کر کے ڈینگی اور جراثیم کے خاتمے کیلئے چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز 6th روڈ میٹرو سٹیشن کے سرپرائز وزٹ کے موقع پر سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر اور دیگر محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے ڈپٹی کمشنر کو انسداد ڈینگی (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 35 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 35 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی

مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے پرائس کنٹرول ایکٹ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم دانیال کو گرفتار کیا، واہ کینٹ پولیس نے تیاری ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ولی کو گرفتار کیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سالوں سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی پو